پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس

چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو ایک متنازعہ عدالتی فیصلے کے نتیجے میں جیل میں ڈالنے کے بعد بدترین قیدِتنہائی میں رکھنے کی شدید مذمت

چیئرمین عمران خان کے معالج کو اب تک رسائی نہ دینے کی بھی شدید مذمت

وکلاء اور اہلِ خانہ کی ملاقاتوں میں بے جا رکاوٹوں پر بھی شدید ردِعمل کا اظہار

چیئرمین عمران خان کو بدترین سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے قانون و حقوق کی دھجّیاں اڑائی جارہی ہیں، کور کمیٹی تحریک انصاف

متنازعہ ترین ٹرائل میں سزا سے لیکر جیل میں قیدِتنہائی میں ڈالنے تک سفّاکیّت کی سیاہ تاریخ رقم کی جارہی ہے، کور کمیٹی تحریک انصاف

چیئرمین عمران خان کو جیل مینوئل کی روشنی میں نہایت بنیادی سہولیات سے محروم کرکے ان کے حوصلے کو توڑنے کی کوشش کی جارہی ہے، کورکمیٹی تحریک انصاف

کسی فرد بشمول جیل کے عملے کو بھی ان کے سیل کے آس پاس آنے کی یا ان سے بات کرنے کی اجازت نہیں، کور کمیٹی تحریک انصاف

روزانہ کی بنیاد پر ٹرائل چلانے کے بعد ان کی درخواستِ ضمانت پر سماعت میں بلاجواز تاخیر ظلم و جبر کی ایک بدترین مثال ہے، کور کمیٹی تحریک انصاف

عدالتِ عظمیٰ قومی ہیرو، سابق منتخب وزیرِاعظم، ملک کی سب سے بڑی جماعت کے چیئرمین اور قوم کے مقبول ترین قائد کے بنیادی حقوق کی بےرحمانہ پامالی کا نوٹس لے، کور کمیٹی تحریک انصاف

چیئرمین عمران خان کو قانون کے تحت میسر حقوق، ان کے معالج و وکلاء تک رسائی کو یقینی بنایا جائے اور انہیں تمام قانونی حقوق فراہم کئے جائیں، کورکمیٹی تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ